خلاصہ اردو

قرآن اور روایات کی روشنی میں تقویٰ کے آثار و توصیف

عبدالقیوم سادیر [1]

خلاصہ

اگر انسانی جسم دیکھ بھال، پرورش اور قوت کا محتاج ہے تو انسان کی روح بھی حفاظت، تکامل اور رشد کی محتاج ہے۔اگر ہم اپنے جسم کو لباس کے ذریعے ڈھانپتے ہیں اور اسے ہر ماحول میں قرار نہیں دیتے تو ہمارا قصد جسم کو محدود کرنا نہیں ہوتابلکہ اس کی بہتر حفاظت کے لیے یہ سب اقدام کرتے ہیں اور اگر ہم اپنی روح کو آفات اور آسیبوں سے بچاتے ہیں یہ اس لیے کہ ناپاکی اور پستیوں سے اپنا دامن داغدار نہ ہو. دل اور روح کی اس قسم کی حفاظت کو تقوی کہتے ہیں. تقوی، مادہ وقایہ سے ہے یعنی اپنے نفس کو ہر اس چیز سے محفوظ رکھنا جو اسے آسیب پہنچائے۔

بنیادی کلمات: قرآن، حدیث، تقوی، روح، ایمان

1- المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے گریجویشن سے فارغ التحصیل طالب علم، موضوع علوم قرآن و حدیث

نہج البلاغہ میں پیغمبر(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی تبلیغی صفات

روح اللہ عطاران طوسی[1]

خلاصہ

موجودہ مقالہ امام علی (علیہ السلام) کی نظر میں پیغمبر اکرم(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی تبلیغی صفات کو بیان کرنے کے جذبے کے تحت پیش خدمت ہے. یہ مقالہ نہج البلاغہ میں موجود امام علی (علیہ السلام) کے فرمودات اور آیات و روایات کی روشنی میں لکھا گیا اور اس کے ساتھ ہی مباحث کے دوران تبلیغی داستانوں کو سادہ اور رواں انداز میں پیش کیا گیا ہے.

مقالہ کی ابتداء اصطلاحات کی تعریف، پھر نہج البلاغہ، امام خمینی (رحمہ اللہ) اور مقام معظم رہبری کی نگاہ میں تبلیغ کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے. اس کے بعد پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی تبلیغی صفات کو اس کتاب
(نہج البلاغہ)کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے.

بنیادی کلمات: پیغمبر اکرم(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)، امیر المومنین(علیہ السلام)، تبلیغی صفات، تبلیغ

1- امام رضاؑ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے ایم فل کے طالب علم، موضوع نہج البلاغہ

اسلام میں حقیقت تعلیم و تربیت

محمد تقی مرادی [1]

خلاصہ

انسانی وجود عقل، آزادی اور خداداد صلاحیتوں سے سرشار ہے جو وسیع پیمانے پر تغیر و تبدل کی قابلیت رکھتا ہے. اس ہدف تک پہنچنے کے لیے تعلیم و تربیت اہم کردار ادا کرتی ہے؛ کیونکہ یہ درست تعلیم ہی ہے جو انسانی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے اور اسے انسانی اور اسلامی ثقافت سے آشنا کرواتی ہے. اگر تعلیم و تربیت عقلی اور دینی بنیادوں پر مشتمل ہو تو معارف کی تربیت، ایمان کی تقویت، واجبات الہی کی پابندی اور اخلاقی اثرات مترتب ہوں گے، اس صورت میں درست تعلیم و تربیت انسانی شخصیت کے فردی اور اجتماعی پہلوؤں میں اسلامی رنگ دے گی۔

بنیادی کلمات: انسان، تعلیم، تربیت، اسلام

1- المصطفی انٹرنیشنل یونیورسٹی کے گریجویشن کے طالب علم، موضوع فقہ و معارف اسلامی

بچے کی تربیت کے اسلوب

سرفراز علی [1]

خلاصہ

خاندان اور معاشرہ کے مہم مسائل میں سے ایک مسئلہ، بچے کی تربیت ہے، جو چیزوالدین کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے وہ اپنے لیے،خاندان اور معاشرہ کے لیے بچے کی نیک پرورش اور تربیت ہے۔

نیک اور بد بچے کی تربیت مختلف اثرات سموئے ہوئے ہے، کہ ممکن ہے یہ آثار ایک خاندان یا ایک معاشرہ کے لئے تکامل اور ترقی کا باعث ہوں یا پھر ان کی نابودی کا باعث بنیں۔

بنا بر این بچے کی تربیت اور اس کے مختلف اسلوب ایک اہم موضوع ہے اور ضروری ہے کہ نیک بچے کی تربیت کے اسلوب کو مورد تحقیق قرار دیا جائے۔ اس بات کی طرف توجّہ دیتے ہوئے کہ قرآن بشر کی راہنمائی کی کتاب ہے اور بچے کی تربیت کے صحیح اسلوب کے لیے ایک اہم منبع ہے۔ اس تحقیق میں ان اسالیب کو تین مباحث میں واضح اسلوب، اشارتی اسلوب اور اصلاحی اسلوب میں بیان کیا ہے۔

بنیادی کلمات: تربیت، اسلوب، فرزند، اشارتی اسلوب ، اصلاحی اسلوب ، واضح اسلوب

1-المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے گریجویشن سے فارغ التحصیل طالب علم، موضوع علوم قرآن و حدیث

قرآن و روایات کی روشنی میں موت کی یاد اور اس کے آثار

محمد رضا زاہدی[1]

خلاصہ

خداوند نے انسان کی روح کو ہمیشگی کے لئے خلق فرمایا اور انسان موت کے ذریعے مکمل سیر کے ساتھ دوسرے جہان کی طرف انتقال کرتا ہے۔ اسی وجہ سے انسان کو اس سیر کو نادیدہ نہیں لینا چاہیے بلکہ لازم ہے اس دنیا میں خود کوسرائے جاودانہ کے لیےآمادہ کرے۔

کافروں کا موت سے ترس، ان کا قیامت پر اعتقاد نہ ہونے اور اس سے انکار کی وجہ سے ہےوہ موت کو نابودی سمجھتے ہیں۔ اس بناء پر عدم شناخت موت، ایمان نہ ہونا، گناہوں کا مرتکب ہونا، سفر آخرت کے لئے سامان سفر مہیا نہ کرنا اور اس جیسے مختلف عوامل موت سے خوف کا سبب ہیں جتنا ایمان اور عمل زیادہ ہوگا اس خوف میں کمی ہوگی۔ موت کی یاد دینی تعلیمات کی رُوسے فردی، معاشرتی، دنیوی اور اخروی زندگی پر گہرے اثرات مترتب کرتی ہے۔

بنیادی کلمات: موت، آثار موت، خوف، آخرت

1- المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے گریجویشن سے فارغ التحصیل طالب علم، موضوع علوم قرآن و حدیث